PAPER CODE NUMBER:8022

رول نمبر ____________

2015 (A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II (کلاس بارہویں)

اردو (لازمی) پرچہ ۔ دوسرا (سپیشل پرچہ)

وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 20

حصہ معروضی

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اِس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) سبق " محنت پسند خردمند " کے مصنف ہیں۔ (A) شبلی نعمانی (B) الطاف حسین حالی (C) نذیر احمد (D) محمد حسین آزاد

(2) " ہوائی " میں مہمانوں کا استقبال کیا جاتا ہے۔ (A) چائے کی تواضع سے (B) پھولوں کے گجروں سے (C) نعروں سے (D) پٹاخوں سے

(3) سید احمد بریلوی کا مقامِ شہادت ہے۔ (A) پشاور (B) کوہاٹ (C) بالاکوٹ (D) لاہور

(4) نظم " اسلامی مساوات " کے شاعر ہیں۔ (A) الطاف حسین حالی (B) مجید امجد (C) انور مسعود (D) نظیر اکبرآبادی

(5) اکبری کی شادی ہوئی۔ (A) محمد کامل سے (B) محمد عاقل سے (C) محمد بشیر سے (D) محمد نذیر سے

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔

(6) " کلیاتِ اقبال " چھپ _____ (A) گئے ہیں (B) گئی ہے (C) گیا ہے (D) گئی ہیں

(7) درخت سے طوطے اور چڑیاں اُڑ _______ (A) گئے (B) گئیں (C) گیا (D) گئی

(8) زاہد اور حنا مری _____ (A) چلا گیا (B) چلی گئی (C) چلے گئے (D) چلی گئیں

(9) تم آؤ گے _____ میں آجاؤں (A) پھر (B) یا (C) اگر (D) تو

(10) سب آگئے _____ علی نہیں آیا۔ (A) مگر (B) اگر (C) یا (D) چوں کہ

رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔

(11) :۔ یہ علامت ہے۔ (A) سکتہ (B) رابطہ (C) تفصیلیہ (D) ختمہ

(12) " قوسین " کی علامت ہے۔ (A) ( ) (B) ؟ (C) " " (D) :

(13) " سکتہ " کی تعریف ہے۔ (A) تفصیل بیان کرنا (B) سوال پوچھنا (C) جملوں کو ملانا (D) مختصر ٹھہراؤ

(14) ! یہ علامت استعمال ہوتی ہے۔ (A) سوال کے لیے (B) جذبے کے اظہار کے لیے (C) مکمل ٹھہراؤ کے لیے (D) تفصیل بیان کرنے کے لیے

(15) " آپ کہاں رہتے ہیں " کے آخر میں علامت استعمال ہوگی۔ (A) ' (B) : (C) ؟ (D) ۔

امدادی افعال کے صحیح استعمال کے پیشِ نظر درست جواب منتخب کیجیے۔

(16) ڈالنا (A) مجھے مشکل میں نہ ڈالو۔ (B) سالن میں نمک ڈالو۔ (C) میری جیب میں رقم ڈالو۔ (D) دشمن کو کچل ڈالو۔

(17) جانا (A) جانا ہے تو جاؤ۔ (B) میرے گھر سے نکل جاؤ۔ (C) ہمیں کراچی جانا ہے۔ (D) تم نے کدھر جانا ہے۔

(18) کرنا (A) رات کو پڑھا کرو۔ (B) اچھے اچھے کام کرو۔ (C) اب بتاؤ کیا کرنا ہے؟ (D) کرلو جو کرنا ہے۔

(19) لینا (A) تم نے مجھ سے کیا لینا ہے؟ (B) مجھے بازار سے گوشت لینا ہے۔ (C) وہ روٹھے تو اُسے منالینا۔ (D) تم یہ چائے لو۔

(20) چاہنا (A) میں تم سے ملنا چاہتا ہوں۔ (B) میں کچھ نہیں چاہتا۔ (C) کسی کو ٹوٹ کر مت چاہو۔ (D) تم کیا چاہتے ہو؟